© rasailojaraid.com

ضرورت سے غافل نہ ہوں اور بالخلوص قرآن اور حضور اقدسؐ جو معرکہ رحمت کائنات اور رحمۃ للعالمین ہیں ان کی سیرت طیبہ کے حوالے سے جہاد اور اس کی ضرورت پر مسلمانوں کو توجہ دنیا انتہائی مفید امر ہے اس خصوصی اشاعت میں موضوع کے متعلق تمام مضامین بہت ہی اہم اور معلومات افزا ہیں فاضل مدیر نے اس طویل اور تفصیل طلب موضوع کو دریا بکوزہ اندر کے مصداق مختصر صفحات میں سمیٹ کر کمال مہارت کا ثبوت دیا ہے امید ہے کہ اراکین و ادارہ رسالہ کے اسی معیار کو برقرار رکھیں گے۔

زیرنظر پرچہ میں اگر معیاری کاغذ استعمال ہوتا تو پرچے میں باطنی خوبصورتی کیساتھ ظاہری حسن بھی نکھر آتا۔ علاوہ ازیں بجائے کثیر اشتہارات اگر مزید مضامین کا اضافہ کیا جاتا تو اس سے پرچے کی افادیت کئی گنا زیادہ ہو جاتی۔ بہر حال ادارہ کی یہ کاوش قابل تحسین ہے اور سیرت النبیؐ کے متعلق کتب اور لٹریچر میں یہ ایک بہترین اضافہ ہے۔ (م-ا-ف)

---

کتاب: حیلے اور بہانے تصنیف: مولانا عاشق الٰہی مہاجر مدنی رحمۃ اللہ علیہ

ضخامت: 120 صفحات ناشر: مبین ٹرسٹ پوسٹ بکس نمبر 470 اسلام آباد۔ 44000

حضرت مولانا عاشق الٰہی مہاجر مدنیؒ کا نام کسی تعارف کا محتاج نہیں، ان کا نام آتے ہی اخلاص سوز و گداز تعلیم و تدریس فقہ و افتاء تصنیف و تالیف بحث و تحقیق اصلاح ظاہر و باطن احقاق حق اللہ تعالیٰ کے دین کی خیر خواہی اور تبلیغ مدافعت کا روشن تصور مجسم ہو کر سامنے آجاتا ہے، خدا رحمت کند این عاشقان پاک طینت را

زیرنظر کتاب حیلے اور بہانے میں مصنف نے ان مشہور اور عام حیلوں او بہانوں کا احاطہ کیا ہے جنہیں عام طور پر لوگ حجت اور دلیل بنا کر اسلامی احکامات پر عمل کرنے سے پہلو تہی برتتے ہیں۔ نفس اور شیطان انسان کے دو داخلی اور خارجی دشمن ہیں جو انسان کو ورغلا کر حیلے اور بہانے تراش کر اسے راہ حق سے بھٹکاتے ہیں اور تباہی کے گھڑے میں گرا کر رکھ دیتے ہیں۔ خود حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ ان اعدا عدوک نفسک التی بین جنبیک ترجمہ: ''یہ تیرا نفس جو تیرے پہلو میں ہے سب سے بڑھ کر تیرا دشمن ہے۔'' اس طرح شیطان لعین بھی جب حق جل مجدہ کے دربار سے مردود قرار پایا تو اس نے انسان دشمنی اور اسے بھٹکانے کی قسم کھائی۔ مولانا مہاجر مدنیؒ نے اس کتاب میں ۶۷ حیلوں اور بہانوں کا ذکر کر کے شرعاً و عقلاً اس کی پرزور مذمت کی ہے

افادہ عام کیلئے کتاب کی اشاعت زیادہ سے زیادہ ہونی چاہیے۔ مبین ٹرسٹ نے اس کتاب کو عمدہ آرٹ پیپر، شاندار کتابت و طباعت کے ساتھ شائع کر کے چار چاند لگا دیئے اگر تمام دینی کتب اسی معیار اور انداز سے شائع ہوں تو کیا خوب۔ (عرفان الحق حقانی)

© rasailojaraid.com